# Video Conference between Joint Secretary (East Asia) and Director General in Chinese Ministry of Foreign Affairs

June 05, 2020

---

## جوائنٹ سکریٹری (مشرقی ایشیا) اور چینی وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل کے مابین ویڈیو کانفرنس

05 جون، 2020

جناب نوین سریواستو، جوائنٹ سکریٹری (مشرقی ایشیاء) اور چینی وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل جناب وو جیانگاؤ نے 5 جون 2020 کو ویڈیو کانفرنس کے ذریعے ایک میٹنگ کا انعقاد کیا۔

دونوں فریقین نے موجودہ پیشرفت سمیت دوطرفہ تعلقات کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس تناظر میں انہوں نے دونوں ممالک کے رہنماؤں کے اس بات پر اتفاق رائے کو یاد کیا کہ ہندوستان اور چین کے درمیان پرامن، مستحکم اور متوازن تعلقات موجودہ عالمی صورتحال میں استحکام کے لئے ایک مثبت عنصر ثابت ہوں گے۔ دونوں فریقوں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ قیادت کی فراہم کردہ رہنمائی کے مطابق، دونوں فریقوں کو ایک دوسرے کی حساسیت، خدشات اور خواہشات کا احترام کرنے کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پر امن گفتگو کے ذریعے اپنے اختلافات کو حل کرنا چاہئے اور انہیں تنازعات کا باعث نہیں بننے دینا چاہئے۔

دونوں فریقین نے کووڈ 19 وبائی مرض کی طرف سے درپیش چیلنج اور مختلف کثیر جہتی فورموں میں تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

**نئی دہلی**

**05 جون، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.